علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تحریر و انشا ''عملی ترتیب'' (9008) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر ۱۔ مضمون کی اقسام بیان کریں اور مضمون نویسی کے اصول تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر ۲۔ خط کی اقسام تحریر کریں۔ خط نگاری کے اصول لکھیں اور نمونے کے طور پر ایک کاروباری خط تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ تلخیص نگاری کے لوازم کون سے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر ۴۔ تبصرہ نگاری کے اصول وضوابط بیان کریں اور اپنی پسند کی کسی کتاب پر جامع تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ مضمون نویسی کی لازمی شرائط بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر ۱۔ کہانی کے جواز، لکھنے کے طریقۂ کار اور تکنیکی اجزا پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر ۲۔ ڈرامہ کے آغاز، فنی عناصر اور اقسام پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ ترجمہ کے معنی اور اس کی اقسام پر تفصیلی نوٹ قلم بند کریں۔ (20)

سوال نمبر ۴۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرتے وقت کن امور کا خیال رکھنا چاہیے؟ وضاحت کے لیے مثال پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ انشائیے کی خصوصیات تحریر کریں اور اُردو میں انشائیہ نگاری کی روایت بیان کریں۔ (20)